## سوال

حیات النبی کے بارے میں اھلحدیث کا موقف کیا ھے ؟

## جواب

حیات النبی کے حوالے سے اہل حدیث کا موقف السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ حیات النبی کے حوالے سے اہل حدیث کا کیا موقف ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! شہداء اورانبیاء کرام دنیا کی نسبت سے موت کا ذائقہ چکھ چکے ہیں : ارشاد باری تعالی ہے : اِنک میت واِنھم میتون ) الزمر( 30 بے شک آپ بھی مرنے والے ہیں اوروہ بھی موت کا شکار ہونے والے ۔ اوروہ اللہ کے ہاں زندہ ہیں، جیسا کہ شہداء زندہ ہیں ۔ اوریہ بات واضح ہے کہ انبیاءاپنے مقام ومرتبے میں بہر حال شہداء سے افضل ہیں ۔ انظرفتح الباري 444/6 انبیاء کی برزخی زندگی کے متعلق سنت میں شواہدملتے ہیں صحیح احادیث میں انبیاء علیہم السلام کے متعلق عبادت وغیرہ کا ذکر آتا ہے ۔ نبی کریم نے فرمایا : « الأنبیاء أحیاء فی قبورہم یصلون » رواہ البزار وصحہ الألبانی فی صحیح الجامع ( 2790 ) انبیاء اپنی قبروں میں زندہ ہیں، نمازیں پڑھتے ہیں ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ دنیوی زندگی کی بجائے برزخی زندگی میں زندہ ہیں ۔ تفصیل کے لئے پڑھیں مولانا اسماعیل سلفی کی یہ تحریر

http://forum.mohaddis.com/threads/%D9%85%D8%B3%D8%A6%D9%84%DB%81-%D8%AD%DB%8C%D8%A7%D8%AA-%D8%A7%D9%84%D9%86%D8%A8%DB%8C-%D8%A7%D8%B2-%D9%85%D9%88%D9%84%D8%A7%D9%86%D8%A7-%D8%A7%D8%B3%D9%85%D8%A7%D8%B9%DB%8C%D9%84-%D8%A7%D9%84%D8%B3%D9%84%D9%81%DB%8C-%D8%B1%D8%AD%D9%85%DB%81-%D8%A7%D9%84%D9%84%DB%81.2484/ھذا ما عندی

واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث